پندرہ روزہ دورہ تربیت المبلغین کا آغاز 22 اکتوبر اتوار کو دار المبلغین مرکزی دفتر لاہور میں پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی کے سبق سے ہوا، جس میں انھوں نے ابتدائی کلمات میں فرمایا مجلس احرار اسلام قادیانیت کا تعاقب تو قدیم سے کر ہی رہی ہے لیکن دعوت وارشاد کے کام کی تجدید میرے دیرینہ خوابوں کی تکمیل ہے۔ یہ دورہ 5 نومبر تک جاری رہے گا۔ تادمِ تحریر مبلغ اسلام مولانا عبدالرؤف فاروقی، مبلغ ختم نبوت مولانا محمد مغیرہ، ممتاز سکالر مولانا جہانگیر محمود، مولانا محمد وقاص سعید ایڈووکیٹ، چودھری غلام مصطفی ایڈووکیٹ، پروفیسر امجد علی شاکر، پروفیسر سمیر ملک، مولانا شفیع الرحمٰن، مولانا سید محمد انیس شاہ، راقم اور کئی دیگر احباب نے لیکچر دیے ان کے علاوہ سید محمد کفیل بخاری، ڈاکٹر شاہد کشمیری، جناب طاہر عبدالرزاق، جناب محمد متین خالد، پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی، ممتاز محقق جناب حافظ عبیداللہ، سابق ہندو عبداللہ بھائی، جناب ڈاکٹر عبدالمقیم، مولانا محمد آدم، مولانا زاہد اقبال، جناب عامر اعوان، ممتاز صحافی جناب عاصم حسین اور جناب منصور اصغر راجہ باقی دنوں میں لیکچرز دیں گے۔ یہ سارا کام قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری کی سرپرستی، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور راقم کی زیرنگرانی جاری وساری ہے۔ ڈاکٹر محمد آصف، مولانا تنویر الحسن، قاری محمد قاسم، قاری شہزاد رسول، مولانا سرفراز معاویہ، مولانا عتیق الرحمٰن، مہر اظہر وینس، دفتر مرکزیہ لاہور کے کارکنان اور مدرسہ کے طلباء شرکاء کورس کی میزبانی کر رہے ہیں۔ کورس کا اختتام ان شاءاللہ تعالیٰ 5 نومبر بعد نماز مغرب ہوگا جس میں دیگر علماء حضرات بھی شریک ہوں گے۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ

<u>**سالانہ احرار ختم نبوت کانفرنس چناب نگر:**</u> حسب سابق چناب نگر میں 40 ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس اِن شاءاللہ تعالیٰ 11-12 ربیع الاوّل 1439ھ کو روایتی تزک واحتشام کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے، کانفرنس کی اِبتدائی تیاریوں کے لیے مجلس احرارِاسلام کے مرکزی رہنماؤں اور ملک بھر سے مندوبین کا ایک اہم اجلاس 21۔ اکتوبر 2017ء ہفتہ کو دس بجے صبح تا نماز ظہر جامع مسجد احرار چناب نگر میں مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد کی زیرصدارت منعقد ہوا، اجلاس میں جو شکایات وتجاویز سامنے آئی تھیں، اُن کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا اور طے پایا کہ امسال سابقہ کوتاہیوں کو ہر ممکن طور پر دور کیا جائے گا، اجلاس نے متفقہ طور پر مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری کو ناظم اجتماع مقرر کرنے کا فیصلہ کیا اور انتخابی اصلاحات میں ختمِ نبوّت حلف نامے کو اقرار نامے میں تبدیل کرنے کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی گئی، اِن سطور کے ذریعے جماعت کی جملہ ماتحت شاخوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ابھی سے کانفرنس کی تیاریاں شروع کر دیں اور حسب ضرورت اشتہارات اور پبلسٹی میٹریل کو مناسب مقام پر آویزاں کریں، یہ کانفرنس عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کی پرامن جدوجہد کو آگے بڑھانے اور قادیانیوں سمیت تمام غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام کا ذریعہ بنے گی، مزید تفصیل کے لیے سرکلر نقیب میں شائع بھی کیا جا رہا ہے اور الگ سے بھی شاخوں کو ارسال کر دیا جائے گا، اِن شاءاللہ تعالیٰ۔